| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ٹریفک کے قوانین" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

زیبرا کراسنگ کسے کہتے ہیں؟

سڑک پار کرنے کے کوئی سے دو اصول بتائیں۔

طلبہ کو ٹریفک کے اشارے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

طلبہ کو بتائیں ٹریفک کے اشارے پر عمل کرنا کتنا اور کیوں ضروری ہے؟

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ وہ:

  سڑک پار کرتے ہوئے کن اصولوں پر عمل کرتے ہیں؟

  پیدل چلتے ہوئے کن اصولوں پر عمل کرتے ہیں؟

  جواب دینے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ٹریفک کے اشارے مختصراً بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ ٹریفک کے اشارے پر عمل کرنا کیوں ضروری ہے؟

- طلبہ کو ٹریفک (سگنل) کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- انھیں بتائیں چوک میں لگی بتیاں (لال، پیلی، سبز) ہمیں سفر کرنے اور سڑک پار کرنے میں مدد دیتی ہیں۔
- جب سرخ بتی چلے تو زیبرا کراسنگ سے سڑک پار کرنی چاہیے۔ کیونکہ ٹریفک تب رکی ہوتی ہے اس لیے اس صورت میں سڑک پار کرنا آسان ہو جاتا ہے۔
- سرخ بتی جلنے کے بعد کچھ دیر میں پیلی بتی جلتی ہے تو ہمیں تب رُک جانا چاہیے۔ کیونکہ تب گاڑیاں چلنے کے لیے تیار ہو چکی ہوتی ہیں۔
- اُس کے بعد سبز بتی جلتی ہے اور ٹریفک چل پڑتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں سڑک پر ٹریفک کے اشارے نہ ہونے کی صورت میں ٹریفک پولیس کی ہدایت پر عمل کرنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احتیاط | اِح۔تے۔یاط | توجہ |
| ہدایات | ہِ۔دا۔یات | احکام/حکم کی جمع |
| ممکنہ | مم۔ک۔نَہ | جو ہو سکے |

**اعادہ:** 2منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

بچوں سے زبانی سوال پوچھیں:

ٹریفک کے اشارے کیوں ضروری ہیں؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کر کے لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اپنی کاپی میں ٹریفک سگنلز بنائیں اور ان کے مطلب لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ٹریفک کے قوانین |
|---|---|---|

سوال: کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ٹریفک رُک جاتی ہے۔ | سبز بتی جلنے پر |
| ٹریفک چلنے کے لیے تیار ہو جاتی ہے۔ | سرخ بتی جلنے پر |
| ٹریفک چل پڑتی ہے۔ | پیلی بتی جلنے پر |

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ٹریفک کے قوانین'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ کو سر گرمی کروائیں۔ سر گرمی کروانے کے لیے طلبہ کو ٹریفک کے اشاروں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کی مدد سے سڑک پار کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔ انھیں فلیش کارڈ کی مدد سے ٹریفک کے اشاروں کے نام اور ان کے مطلب بھی بتائیں۔ بعد ازاں چارٹ کو قینچی سے مختلف اشکال میں کاٹ کر ٹریفک کے اشاروں کے ماسک بنائیں اور طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ ان اشاروں کو نظم کی صورت میں پیش کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سڑک پر کبھی بھی نہ بھاگیں اور پیدل چلنے کے لیے ہمیشہ فٹ پاتھ کا استعمال کریں۔
- طلبہ کو فٹ پاتھ کا مطلب بتائیں اور ان کے سامنے وضاحت کریں کہ فٹ پاتھ کا استعمال پیدل چلنے والوں کے لیے کیوں ضروری ہے۔
- فٹ پاتھ کا استعمال نہ کرنے سے اکثر حادثات پیش آ جاتے ہیں اور جانی نقصان کا بھی خدشہ ہوتا ہے۔
- جس سڑک کے ساتھ فٹ پاتھ نہ ہو اُس سڑک کے دائیں کنارے چلنا چاہیے تاکہ سامنے سے آنے والی ٹریفک کو دیکھا جا سکے۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ فٹ پاتھ پر چلیں۔ اور سڑک پار کرتے وقت احتیاط کریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے زبانی سوالات پوچھیں کہ :

ٹریفک کے اشاروں کے لیے کون سے رنگ کی بتیاں لگی ہوتی ہیں؟

سڑک کے کنارے فٹ پاتھ کیوں بنا ہوتا ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ :** | **5منٹ** |

طلبہ اپنی کاپی پر سڑک کا منظر بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: ٹریفک کے قوانین** |

سوال: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

قطار — زیبرا کراسنگ — دوڑ — پیلی

الف) سڑک ____________ سے پار کرنی چاہیے۔

ب) سڑک ____________ کر پار نہیں کرنی چاہیے۔

ج) ____________ بتی جلنے پر ٹریفک چلنے کے لیے تیار ہو جاتی ہے۔

د) بس سٹاپ پر ____________ بنا کر کھڑا ہونا چاہیے۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ چارٹ پیپر

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ٹریفک کے قوانین'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ٹریفک کے اشاروں پر عمل کرنے کے کیا فائدے ہیں۔

جواب دینے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- انھیں بس سٹاپ پر قطار بنانے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو بس پر سوار ہونے کے چند اصول سمجھائیں۔
- طلبہ کو ٹریفک کے اشاروں کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔ ٹریفک کے اشارے ہماری سہولت کے لیے بنائے جاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کچھ اشارے راستہ بتانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اور کچھ مختلف قسم کے حادثات سے بچنے کے لیے۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر ہمیں ان حادثات سے بچنے کے لیے سیٹ بیلٹ کا استعمال بھی کرنا چاہیے۔

- طلبہ کو بتائیں ہمیشہ موٹر سائیکل پر سوار ہوتے وقت ہیلمٹ کا استعمال کریں۔ تاکہ اگر کوئی ناخوش گوار واقعہ پیش آ بھی جائے تو یہ خطرناک چوٹ لگنے سے بچالیتا ہے۔
- طلبہ سے کہیں جو لوگ قوانین کی پابندی کرتے ہیں اور اُن پر عمل کرتے ہیں۔ اُن کا شمار اچھے شہری میں ہوتا ہے۔
- اس لیے ہمیں بھی ان تمام قوانین پر عمل کرنا چاہیے۔

**اعادہ:** 2منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اساتذہ کرام کی مدد سے ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے فائدے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔